بسم اللہ الرحمن الرحیم

اقامت کے بغیر جماعت کروانا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا اقامت کے بغیر جماعت ہوجاتی ہے ؟

جواب

پانچوں نمازیں اور نمازِ جمعہ جب جماعتِ مستحبہ کے ساتھ مسجد میں وقت پر ادا کی جائیں، تو ان کے لیے اقامت کہنا سنتِ مؤکدہ ہے اور اسے چھوڑ دینا مکروہ اور گناہ ہے، البتہ چونکہ اقامت کا تعلق نماز کے فرائض یا واجبات وغیرہ سے نہیں، لہٰذا نماز کی ادائیگی درست ہوگی۔

اقامت کہنے کے متعلق حدیث مبارک میں ہے : "عن جابر، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لبلال: يا بلال، إذا أذنت فترسل في أذانك، وإذا أقمت فاحدر" ترجمہ : حضرت جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال کو فرمایا : اے بلال! جب تم اذان دو تو ٹھہر ٹھہر کر دو اور جب اقامت کہو تو جلدی جلدی کہو۔ (سنن الترمذی، رقم الحدیث 195، ج 1، ص 373، مطبوعہ مصر)

"مراقی الفلاح شرح نور الایضاح" میں ہے : "كذا الاقامة سنة مؤكدة في قوة الواجب" ترجمہ : یونہی اقامت بھی سنت مؤکدہ ہے، حکم میں واجب کی طرح ہے۔ (مراقی الفلاح، باب الاذان، صفحہ 78، مطبوعہ المکتبۃ العصریۃ)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات : 1367ھ/1947ء) لکھتے ہیں : "فرض پنج گانہ کہ انھیں میں جمعہ بھی ہے، جب جماعت مستحبہ کے ساتھ مسجد میں وقت پر ادا کیے جائیں، تو ان کے لیے اَذان سنت مؤکدہ ہے اور اس کا حکم مثل واجب ہے کہ اگر اذن نہ کہی، تو وہاں کے سب لوگ گنہگار رہوں گے۔۔۔ اِقامت مثل اَذان ہے، یعنی احکام مذکورہ اس کے لیے بھی ہیں۔۔۔ اِقامت کی سنّیت، اَذان کی بہ نسبت زیادہ مؤکد ہے۔ (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 3، صفحہ 464، 470، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

بغیر اقامت جماعت قائم کرنے کے متعلق فتاویٰ عالمگیری میں ہے : "يكره أداء المكتوبة بالجماعة في المسجد بغير أذان وإقامة. كذا في فتاوى قاضي خان" ترجمہ : مسجد میں جماعت کے ساتھ فرض نمازوں کو بغیر اذان واقامت ادا کرنا مکروہ ہے، یونہی فتاوی قاضی خان میں ہے۔ (الفتاوی الھندیۃ، جلد 1، صفحہ 54، مطبوعہ دار الفکر، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا عبد الرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: FatwaQA-083

تاریخ اجراء: 05ربیع الآخر1448ھ/18ستمبر2026ء



Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)



www.fatwaqa.com



daruliftaahlesunnat



DaruliftaAhlesunnat



Dar-ul-ifta AhleSunnat



feedback@daruliftaahlesunnat.net